درسِ رمضان المبارک:23

مرتب

مولانا سید فہد حسین

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ تیئس مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا سید فہد حسین

صفحات : 11

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا سید فہد حسین

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ تیئس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

خلاصہ قرآن: پارہ:23 ومالی

از سید فہد حسین

اللہ ہی خالق ومالک ہے اللہ کی بندگی کرو-(پارہ:23 آیت:22)

اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو(پارہ:23 یٰس، آیت:23)

اللہ سے اپنے گناہوں کے معافی طلب کرو تاکہ عزت ملے-(پارہ:23 یٰس، آیت:27)

رسول جو فرمائیں وہ بات مانو-(پارہ:23 یٰس، آیت:30)

انبیاء علیہ السلام کا مذاق نہ بناؤ-(پارہ:23 یٰس، آیت:30)

پچھلی قوموں کی ہلاکت پر غور کرو-(پارہ:23 یٰس، آیت:31)

پچھلی ہلاک شدہ قوموں کے احوال سے عبرت حاصل کرو-(پارہ:23 یٰس، آیت:31)

حالیہ وقت کو غنیمت جانو-(پارہ:23،یٰسین، آیت:31)

اللہ کے حضور پیش ہونے کے لئے تیار رہو-(پارہ:23 یٰس، آیت:32)

اللہ کی نشانیوں پر غور کرتے رہو-(پارہ:23 یٰس، آیت:33)

اپنے خالق ومالک کا حکم مانو کیونکہ ایک اللہ ہی مردوں کو زندہ کرے گا، -(پارہ:23 یٰس، آیت:33)

اللہ نے تمہارے لئے سبزہ و باغات اور سب کچھ بنایا اس کی عطاء کردہ نعمتوں پر شکر ادا کرو-(پارہ:23 یٰس، آیت:34)

اللہ کی عطا کے ہوئی حلال چیزیں کھاؤ-(پارہ:23 یٰس، آیت:35)

اللہ کی ناشکری نہ کرو-(پارہ:23 یٰس، آیت:35)

رات اور دن جیسی اللہ کے نشانیوں پر غور کرو-(پارہ:23 یٰس، آیت:37)

اپنے رب کے نشانی یعنی قرآن پاک کے آیات سے روگردانی نہ کرو-(پارہ:23 یٰس، آیت:46)

اللہ کی راہ میں خرچ کرو-(پارہ:23 یٰس، آیت:47)

بخل اور کنجوسی نہ کرو-(پارہ:23یٰس، آیت:47)

بھلائی کرو تا کہ اچھابدلہ ملے-(پارہ:23یٰس، آیت:54)

اللہ سے کیا گیا عہد پورا کرو-(پارہ:23یٰس، آیت:60)

شیطان کی پیروی نہ کرو-(پارہ:23یٰس، آیت:60)

شیطان کے بہکاوے میں نہ آؤ-(پارہ:23یٰس، آیت:62)

اللہ کے عطاء کی ہوئی چیزوں سے نفع اٹھاؤ-(پارہ:23یٰس، آیت:73)

ہمیشہ نعمتوں پر شکر گزار رہو-(پارہ:23یٰس، آیت:73)

ظالموں کے بہکاوے میں نہ آؤ-(پارہ:23الصّٰفّٰت، آیت:28)

گمراہوں کی بات مان کر گمراہ نہ ہو-(پارہ:23الصّٰفّٰت، آیت:32)

اپنے گمراہ باپ دادا کے نقشِ قدم پر نہ چلو-(پارہ:23، آیت:70)

اللہ کے احکام پر ہمیشہ سر تسلیم خم رکھو-(پارہ:23الصّٰفّٰت، آیت:102)

اللہ کی حمد و ثناء بیان کرو-(پارہ:23الصّٰفّٰت، آیت:182)

صبر کرو-(پارہ:23ومالی، سورۃ ص:38، آیت:17)

خلافِ حق فیصلہ نہ کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ ص:38، آیت:22)

خواہشات کے پیچھے نہ پڑو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ ص:38، آیت:26)

قرآن پڑھو، سمجھو اور غور و فکر کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ ص:38، آیت:29)

اپنے رب سے بخشش کے طالب رہو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ ص:38، آیت:35)

غرور نہ کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ ص:38، آیت:74)

گمراہی میں نہ پڑو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ ص:38، آیت:82)

بندگی صرف اللہ کی کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت:03)

ناشکری نہ کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت:03)

اپنی آخرت کے فکر خود کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت:07)

تکلیف میں اللہ کا پکارو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت:08)

نعمت ملنے پر بھول نہ جاؤ-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت: 08)

اللہ کی طرف رجوع رکھو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت: 17)

اللہ کی یاد سے دل کر نرم رکھو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت:22)

قرآن پڑھو اور خوب اللہ کو یاد کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت:23)

قرآن پاک کی آیات پر غور و فکر کرو-(پارہ:23 ومالی، سورۃ الزمر:39، آیت:27)

درسِ حدیث نبوی ﷺ

غربت دُور ہو

كَثْرَةُ الذِّكْرِ وَالصَّلَاةُ عَلَيَّ تَنْفِي الْفَقْرَ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”اللہ پاک کا کثرت سے ذِکر کرنا اور مجھ پر دُرُود شریف پڑھنا غُربت دُور کرتا ہے۔“ (القول البدیع، ص273)

دُعا کی حفاظت کا ذریعہ

صَلَاتُكُمْ عَلَيَّ مُحْرِزَةٌ لِّدُعَائِكُمْ وَمَرْضَاةٌ لِّرَبِّكُمْ وَزَكَاةٌ لِّاَعْمَالِكُمْ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”تمہارا مجھ پر دُرودِ پاک پڑھنا تمہاری دُعاؤں کی حفاظت کرنے والا اور تمہارے ربِّ پاک کی رضا کا باعث اور تمہارے اعمال کی پاکیزگی کا سبب ہے۔“ (القول البدیع، ص270)

بہت بڑا فرشتہ

اِنَّ لِلّٰہِ مَلَکاً لَہٗ جَنَاحَانِ اَحَدُھُمَا بِالْمَشْرِقِ وَالآخَرُ بِالْمَغْرِبِ فَاِذَا صَلَّی الْعَبْدُ عَلَیَّ حُبّاً اِنْغَمَسَ فِی الْمَاءِ ثُمَّ یَنْتَفِضُ فَیَخْلُقُ اللہُ مِنْ کُلِّ قَطْرَۃٍ مِّنْہُ مَلَکاً یَسْتَغْفِرُ لِذٰلِکَ الْمُصَلِّی عَلَیَّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "اللہ پاک کا ایک فِرشتہ ہے کہ اُس کا ایک بازو مشرِق میں اور دوسرا مغرِب میں ہے۔ جب کوئی شخص مجھ پر مَحبَّت کے ساتھ دُرُود بھیجتا ہے وہ فِرشتہ پانی میں غوطہ لگا کر اپنے پَر جھاڑتا ہے، اللہ پاک اُس کے پروں سے ٹپکنے والے ہر ہر قطرے سے ایک ایک فِرشتہ پیدا کرتا ہے وہ فِرشتے قِیامت تک اُس دُرُود پڑھنے والے کے لئے اِستغفار (یعنی دعائے مغفرت) کرتے ہیں۔" (القول البدیع، ص 251)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663

خوشخبری

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب و طُرق پر مشتمل پہلی جامع و ضخیم تصنیف (متن حدیث و سیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

HADI Research Institute

کتابِ ہذا میں الحمد للہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد لله على ذلك

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات